تبصرہ کتب

تحفۃ سالکین اردو ترجمہ ارشاد الطالبین

تصنیف: حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ۔ مترجم مولانا مفتی محمد طیب۔ صفحات: ۸۸۔ طباعت: مناسب/ مجلد۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا مکتبہ ختم نبوت نزد مدرسہ تجوید القرآن اختر محمد روڈ، کوئٹہ۔

صاحبِ تفسیر مظہری حضرت قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اپنے وقت کے عظیم محدث، مفسر اور فقیہ تھے۔ علوم ظاہری کے علاوہ تزکیہ وسلوک میں بھی آپ اپنے وقت کے امام تھے۔ آپ نے ابتداء میں شیخ محمد عابد سنامی رحمہ اللہ سے بیعت سلوک کی اور ایک عرصہ تک تزکیہ واحسان میں آپ سے تربیت حاصل کی۔ ان کی وفات کے بعد حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوکر ان کے زیر سایہ مقامات سلوک طے کیے۔ زیر تبصرہ کتابچہ آپ ہی کے انوارِ قلم کا نتیجہ ہے۔ سالکین طریقت کے لیے یہ مختصر رسالہ دستور العمل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں آپ نے ولایت کے ثبوت، اس درجات، کشف، تصرف، کرامت، فناء، بیعت کی حقیقت، تقویٰ، آداب مریدین، شیخ کامل، شیخ کی خصوصیات، سالک کے لیے اہم رہنما اصول جیسے عنوانات پر سیر حاصل گفتگو فرمائی ہے۔ تزکیہ و سلوک کے راہیوں کے لیے نہایت اہم رسالہ ہے۔ اسے ضرور اپنے مطالعے میں رکھنا چاہیے۔

ادھار کی وجہ سے قیمت زیادہ لگانے کا حکم

تالیف: ابوخبیب محمد بادشاہ باجوڑی۔ صفحات: 230۔ طباعت: عمدہ/ کارڈ کور۔ ملنے کا پتا: مدرسہ شمس العلوم نیا پل حیدرآباد۔ فون: 0302-3928530

تجارت میں مختلف طریقے رائج ہیں۔ جائز بھی ناجائز بھی، حرام بھی حلال بھی۔ بعض امور مشتبہ ہوتے ہیں۔ ایک مسلمان تاجر کے لیے لازمی ہے کہ وہ تجارت کو ناجائز وحرام اور مشتبہ امور سے پاک رکھے۔ حلال ذرائع اختیار کرے تاکہ اسے حلال رزق میسر آئے۔ تجارت میں ایک طریقہ مال کو ادھار پر فروخت کرنا بھی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں اسی حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ مال کو ادھار بیچنے پر ملنی والی رقم کو بعض علماء نے سود لکھا ہے۔ اکثر علماء جواز کے قائل ہیں۔ کتاب کے باب اول میں زیر بحث جزئیہ کا تعین کیا گیا ہے۔ اور ان احادیث کی تشریحات شارحین حدیث کے حوالے سے کی گئی ہیں جن سے ناجائز کہنے والے حضرات زیر بحث جزئیہ کے عدم جواز پر